© rasailojaraid.com



# مُسافرانِ آخرت

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

## گذشتہ دنوں میں

- حضرت الحاج مرزا محمد حسن چغتائی (امیر مرکزیہ مجلس احرارِ اسلام پاکستان) بہاول پور میں انتقال فرما گئے۔
- مولانا حافظ خدا بخش صاحب بستی مولویاں ضلع رحیم یارخان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم مقالم احباب احرار حافظ محمد اسماعیل صاحب، مولوی نعیم اللہ صاحب، مولوی سلیم اللہ صاحب کے قریبی عزیزوں میں سے تھے۔
- مولانا عبدالواحد سبحانی طویل علالت کے بعد کراچی میں انتقال کر گئے۔ ان کا تعلق ظاہر پیر ضلع رحیم یارخان سے تھا۔ وہ جناب غلام نبی خان غازی پوری کے داماد تھے۔
- چودھری علی احمد صاحب (سیالکوٹ) کی اہلیہ محترمہ اور جناب ارشد، امجد، اشرف صاحبان کی والدہ سیالکوٹ میں انتقال فرما گئیں۔
- بزرگ صحافی، مجاہد قلم کار، وفادارِ احرار محترم عبدالقدوس انصاری احمد پور شرقیہ میں وفات پا گئے۔
- حضرت اقدس مولانا عبدالعزیز گمتھلوی مدظلہم العالی کے نوعمر پوتے اور مولانا سعید احمد صاحب زید مجدہٗ کے بیٹے ایک حادثہ میں جاں بحق ہو گئے۔
- حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ محترمہ لاہور میں انتقال فرما گئیں۔
- مولانا قاضی محمد یونس انور (لاہور) کے والد ماجد انتقال فرما گئے۔

**ادارہ** ان سب مسافرینِ آخرت کی مغفرت اور بلندئ درجات کے لئے دعاگو ہے اور ان کے جملہ ورثاء و متعلقین کے صدمہ میں شریک ہے۔

© rasailojaraid.com